پہلا اور آخری موقع

دن شروع ہو جاتا ہے' ختم ہو جاتا ہے
رات آتی ہے' چلی جاتی ہے
زندگی گزری چلی جا رہی ہے۔

بچہ' جوان' بوڑھا' عورت' مرد سب
مستقبل کے نقشے مرتب کر کے' یا نہ بھی کر کے'
اپنے اپنے مشاغل میں مصروف ہیں'

یہ زندگی
اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی مہلت عمل ہے'
موقع ہے ___ پہلا اور آخری!!

قیامت کے روز
بندہ کہے گا: اے ربّ ایک دفعہ پھر موقع دے' دنیا میں بھیج دے
ربّ کہے گا: نہیں' اب نہیں' تو پھر جا کر یہی کچھ کرے گا۔

اس پہلے اور آخری موقع کو ___ اپنی زندگی کو
سوچ سمجھ کر استعمال کریں
ضائع نہ کریں

ہم صحیح اور غلط' گناہ و ثواب جانتے ہیں
خواہش نفس کے پیچھے نہ چلیں
ایمان اور عمل صالح کے سرمایے کے ساتھ
اللہ کے حضور حاضر ہوں!
[ابھی سنبھلنے کا موقع ہے]

خیر خواہ